سوال

صف میں کھڑے ہونے کی دعا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صف میں کھڑے ہونے کی دعا : "اللھم آتنی افضل ماتوتی عبادک الصالحین" کو فضیلۃ الشیخ امین اللہ (حفظہ اللہ) صحیح گردانتے ہیں جب کہ بعض اہل حدیث علماء اس کو ضعیف کہتے ہیں

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ روایت عمل الیوم واللیلہ للنسائی (93 والسنن الکبریٰ لہ 9921) میں محمد بن مسلم بن عائذ کی سند سے موجود ہے۔ اسے ابن خزیمہ (453) وابن حبان (موارد: 1609) نے صحیح قرار دیا ہے۔ ابن عائذ مذکور کا ذکر مستدرک الحاکم (ج 1 ص 74) میں اس کا ذکر موجود ہے۔ اسے حاکم اور ذہبی دونوں نے صحیح (علی شرط مسلم) قرار دیا ہے۔

ابن عائذ مذکور کو بعض علماء نے مجہول اور لایعرف کہا ہے جبکہ امام (متعدل) العجلی، حافظ ابن حبان۔ امام ابن خزیمہ وغیرہم نے ثقہ و صحیح الحدیث قرار دیا ہے اور یہی راجح ہے لہذا یہ سند صحیح ہے

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص475

محدث فتویٰ